سوال

غسل جنابت کا طریقہ کیا ہے

جواب

السلام علیکم ورحمة اللہ وبرکاتہ

غسل جنابت کا طریقہ کیا ہے۔؟

الجواب بعون الوہاب بشرط صحة السؤال

وعلیکم السلام ورحمة اللہ وبرکاتہ!

الحمد للہ، والصلاة والسلام علیٰ رسول اللہ، أما بعد!

غسل جنابت کا طریقہ یہ ہے کہ پہلے استنجاء کی جگہ اور آس پاس کی جگہ اچھی طرح دھوئے پھر ہاتھ مٹی پر مل کر یا صابن سے مل کر دھولے۔ پھر پورا وضوء کرے۔ جس میں پاؤں بھی شامل ہیں۔ پھر سر پر تین انجلے ڈالے۔ جن سے بالوں کی جڑیں تر ہوجائیں۔ پھر باقی بدن پر پانی بہالے۔

ھذا ما عندي واللہ أعلم بالصواب

فتاویٰ اہلحدیث

کتاب الطہارت، غسل کا بیان، ج1ص254